سوال

(179) نکاح کے لئےتین چیزیں ضروری ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ساؤتھ آل لندن سے قیوم عظیمی صاحب نے جولکھا ہے اس کا مفہوم یہ ہے نکاح کے لئےَ کن چیزون کا ہونا ضروری ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسلام میں نکاح کے لئےتین چیزیں ضروری ہے۔ اول مردو عورت کا باہمی ایجاب وقبول' حق مہر اور گواہوں کی موجودگی۔

اگر یہ تین شرطیں پوری ہوں تو نکاح ہوجاتا ہے۔ بعض حالات میں ولی (لڑکی کا وارث) کا ہونا بھی ضروری ہے۔ قاضی کی موجودگی نکاح میں شرط نہیں ہے۔ جہاں تک خطبے کا تعلق ہے تو یہ سنت ہے اورنکاح مسنون طریقے سے ہوتو بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ کی حمدوثنا (یعنی خطبے کے ابتدائی کلمات) عربی میں ہوں تو باعث برکت ہے اور پھر اس میں تین قرآنی آیات ہیں وہ بھی عربی میں ہیں۔ اس کے علاوہ خطبہ کسی زبان میں بھی دیا جاسکتا ہے۔ خاص کر حقوق الزوجین کے بارے میں ضروری باتوں کا بیان اس زبان میں ہوناچاہیئے جوسب سمجھتے ہوں۔

بہر حال سارا خطبہ عربی میں پڑھنا ضروری نہیں۔ بلکہ قرآن وحدیث کے الفاظ عربی میں ہوں تو بہتر ہے۔ شرط یہ بھی نہیں۔ اگر عربی میں نہ پڑھیں تب بھی نکاح ہوجائے گا۔ لیکن مسنون طریقہ افضل ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص381